© rasailojaraid.com



اور عورتوں نے حصہ لیا ہے اور جیسا کہ نام سے ظاہر ہے اس ملک میں انسانیت و آدمیت کا وقار دوبارہ قائم کرنے کے لئے اپنے افکار و محسوسات کو قلمبند کیا ہے سردار صاحب کا خلوص اس ضخیم رسالہ میں مختلف شکل و صورت میں جگہ جگہ نمایاں ہے ہند اور پاکستان کے ہر اس شخص کو جسے احیائے انسانیت کے فرض سے دلچسپی اور اس کا ذوق ہے کم از کم ایک مرتبہ اس نمبر کا ضرور مطالعہ کرنا چاہیئے۔

**الحسنات آخرت نمبر"** تقطیع ۲۰×۳۰/۸ ضخامت ۱۰۸ صفحات طباعت و کتابت بہتر قیمت خاص نمبر ایک روپیہ رسالہ کا عام سالانہ چندہ ۶ روپے

الحسنات جماعت اسلامی کا ایک پندرہ روزہ رسالہ ہے جو انڈین یونین میں اس جماعت کے مرکز رام پور سے شائع ہوتا ہے، الحسنات کے مضامین بچوں، بچیوں اور عورتوں کے ذہنی اور دماغی قالب کو پیش نظر رکھ کر مرتب کئے جاتے ہیں چنانچہ آخرت نمبر کے مضامین بھی اسی معیار کے مطابق ترتیب دئے گئے ہیں زیر نظر نمبر میں آخرت سے متعلق اچھے خاصے مفید اور نتیجہ خیز مضمون جمع کر دئے گئے ہیں، مولانا سید ابو الحسن علی کا مضمون "اُس پار" مولانا ابو اللیث ندوی کا مضمون "زندگی پر عقیدۂ آخرت کا اثر" مولوی جلیل احسن صاحب ندوی کا مضمون "قیامت کیوں ہوگی" خاص طور پر لائق مطالعہ ہیں جو بچوں اور عورتوں کے علاوہ عام پڑھے لکھے مسلمانوں کے لئے بھی مفید ہیں عقیدۂ آخرت کو دل کی گہرائیوں میں جمانے کے لئے دوسرے افسانوں اور قصوں کے علاوہ نعیم صدیقی صاحب کا ایک افسانہ "لیڈر قاضی کے سامنے" بھی شریک اشاعت کیا گیا ہے سید حامد علی صاحب کی نظم "خدا ظالم نہیں ہے" بھی آخرت نمبر کے مقصد کو پوری پوری تقویت پہنچاتی ہے، مجموعی اعتبار سے پورا نمبر سلیقے سے مرتب کیا گیا ہے اور عام مسلمانوں کے مطالعہ کے قابل ہے۔ (رع)

## جدید رسائل

**نوائے ادب** مرتبہ جناب ظہیر الدین مدنی صاحب تقطیع متوسط ضخامت ۸۰ صفحات



© rasailojaraid.com